F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:19/09/2019

داراشکوہ کی کتابوں کو قومی کونسل اردو میں شائع کرے گی: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں داراشکوہ پروجیکٹ کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: داراشکوہ صلح کل کے علمبردار، فارسی، عربی اور سنسکرت کے متبحر عالم اور تصوف کے رموز واسرار سے مکمل طور پر آگاہ تھے۔ انھوں نے ویدانت کا بہت ہی گہرائی سے مطالعہ کیا تھا۔ وہ نہایت وسیع المشرب اور کشادہ ذہن کے حامل تھے۔ مذہبی رواداری اور سماجی ہم آہنگی پر ان کا یقین کامل تھا۔ انھوں نے اسلام اور ہندوازم کے مشترکات کی جستجو کی اور محبت اور انسانیت کے پیغام کو عام کیا۔ وہ قومی یکجہتی اور اتحاد کا ایک نشانِ امتیاز تھے۔ صوفیا اور رِشی منیوں سے گہری عقیدت رکھتے تھے۔ انھوں نے 52 اپنشدوں کا نہ صرف فارسی میں ترجمہ کیا بلکہ انہی کے ترجمے کی وجہ سے باہری دنیا میں اپنشدوں کا مکمل تعارف ہوا۔ آج کے تناظر میں داراشکوہ کی فکر اور فلسفے کی معنویت بڑھ گئی ہے۔ اسی لیے اردو میں ان کی کتابوں کا ترجمہ بہت ضروری ہے۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ داراشکوہ پروجیکٹ کی میٹنگ میں کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس پروجیکٹ کا مقصد یہ ہے کہ داراشکوہ کی تصنیفات کا اردو ترجمہ شائع کیا جائے تاکہ اردو قارئین داراشکوہ کی فکر اور فلسفے سے واقف ہوسکیں۔ مذہبی اور تہذیبی تصادم کے اس عہد میں ہمارے لیے اس نقطہ اشتراک کی جستجو بہت ضروری ہے جس کی طرف داراشکوہ نے برسوں پہلے اشارہ کیا تھا۔ انھوں نے سیکڑوں برس پہلے بین المذاہب مکالمے کی اہمیت کو سمجھا تھا۔ اس لیے اس مکالمے کو زندہ کرنے کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ اسی مقصد کے تحت ان کی تمام تصنیفات کو قومی اردو کونسل نے اردو میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے پروفیسر آزرمی دخت صفوی نے کہا کہ کونسل کا یہ قدم قابل صدستائش ہے۔ یہ ایک اہم پروجیکٹ ہے جو کونسل کی تاریخ میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ میٹنگ میں داراشکوہ کی تصانیف: حسنات العارفین، سرِّ اکبر، سفینۃ الاولیاء، سکینۃ الاولیاء، مجمع البحرین، رسالہ حق نما وغیرہ کی اشاعت پر بھی گفتگو کی گئی۔ میٹنگ کے آخر میں کونسل کے ڈائرکٹر نے کہا کہ اگر کسی نے داراشکوہ پر تحقیقی کام کیا ہے یا کرنا چاہتا ہے تو قومی اردو کونسل ایسے تحقیقی مقالات/کتابوں کو ترجیحی طور پر شائع کرے گی۔

میٹنگ میں پروفیسر آزرمی دخت صفوی کے علاوہ پروفیسر عبدالقادر جعفری (الہ آباد)، پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی (مانو، حیدرآباد)، قومی اردو کونسل کی اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر فیروز عالم اور ریسرچ اسسٹنٹ جناب محمد انصر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)